سیتی فلمز کا تیار کردہ

آگرہ روڈ

आगरा रोड

کہانی اور گانے

اداکاران
اشوک کمار۔ نوتن
نگار۔ جیانی واکر

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سلوری } دلکش منظر، گھاٹ سے الگ تھلگ ایک لائٹ ہاؤس کی چوٹی پر بالی نام کی دوشیزہ رہا کرتی تھی جسے سارے گاؤں نے تنہا چھوڑ دیا تھا۔ بالی اپنے گھر میں قید سی ہو گئی تھی۔ اسمیں اتنی جرأت نہ تھی کہ وہ گاؤں والوں کے درمیان جا سکے۔ اسے خطرہ تھا کہ اگر وہ ایسا کریگی تو گاؤں والے اُسے پتھر ماریں گے۔ بالی کا اگر کوئی قصور تھا تو صرف گاؤں والوں کی جہالت

آگے پردہ پر دیکھیں

لائٹ ہاؤس کے گانے

گانا نمبر ۱

لڑکا:۔ آ۔آ۔آ چھوری آ۔

لڑکی:۔ جا۔جا۔جا چھوڑ جا۔

لڑکا:۔ رُک چھوری رُک

لڑکی:۔ مر پہ نہ جھجک۔ اچھے نہیں یہ بہانے

لڑکا:۔ اے نک ذرا تک

لڑکی:۔ جلدی سے بک۔ کہتا ہے کیا او دیوانے

لڑکا:۔ آ۔آ۔آ چھوری آ

لڑکی:۔ جا۔جا۔چھوڑ جا

لڑکی:۔ ہوش کرو تم ۔

لڑکا:۔ ہوش ہو گئے گم۔ دیکھا جو مکھڑا تمہارا

عاشقوں کی قسم

لڑکی:۔ چھوڑ میری دھن۔ ویسے ہی کرلے گذارہ

لڑکا:۔ تو چھوری آ

لڑکی:۔ جا چھورہ جا

لڑکا:۔ مَیں نے کہا آ

لڑکی:۔ میں نے کہا جا

لڑکا:۔ مل کر نیا آ جیا

لڑکی:۔ میں نے کہا ناں

لڑکا:۔ میں نے سُنا آ۔ آ۔

تُو چھوری آ۔

لڑکی:۔ جا چھورہ جیا۔

نمبر ۲

او کس جگہ جائیں۔ کس کو دِکھلائیں زخمِ دل اپنا۔

سارے جگ میں اپنا کوئی نہیں

سُکھ کیا سُکھ کا سپنا کوئی نہیں۔ او کس جگہ جائیں۔

دِل کے ارماں پورے ہو نہ سکے

ہنسنا کیسا کھل کے رو بھی نہ سکے۔ او کس جگہ جائیں۔

جانے کیسی اپنی تقدیر ہے

سارا جیون غم کی تصویر ہے۔ او کس جگہ جائیں۔

نمبر ۳

نینوں سے نینا لاگے۔ وہ کیا کہیں گے آگے

میں جان گئی۔ جان گئی۔ جان گئی رے

آ۔ آ۔ آ۔ آ

ہواؤں نے چھیڑا بہاروں کا ترانہ
جوانی نے پایا اداؤں کا خزانہ
ساجن کا بہانہ۔ میں جان گئی رے ۔نینوں سے نینیاں۔
مجھے آج دنیا دلہن جیسی لاگے
جو صورت میں دیکھو سجن جیسی لاگے
سکھیا دل لگانا میں جان گئی رے ۔نینوں سے نینیاں۔
مہکتی ہیں سانسیں تھرکتے ہیں پاؤں
پڑی میرے تن پہ جو ستیاں کی چھاؤں۔
خوشی کا ترانہ میں جان گئی رے ۔نینوں سے نینیاں۔

نغمہ

لڑکی:۔ تو کالا میں گوری ۔بلم توری موری
بھلا اب کیسے جمے گی ۔او۔او۔
لڑکا:۔ جیسے چاند چکوری ۔پتنگ اور ڈوری
سدا اب ایسے جمے گی ۔او۔او۔
لڑکی:۔ میں البیلی نار نویلی آئی ہوں کوسوں چل کے
انگ انگ سے مستی ٹپکے نین مدرا چھلکے
چلتے راہی رک جائیں جب آنچل مورا ڈھلکے
مجھ سے آنکھ ملانا ہو تو آنا روپ بدل کے
بھلا اب کیسے جمے گی۔
لڑکا:۔ یہ دنیا۔ یہ دنیا والے سب کے سب ہیں پاپی
دل والوں کے بیچ میں یونہی بنجاتے ہیں قاضی

نہ کھیلے نہ کھیلن دے بیکار لگار ہے باجی
ان سبکو چولھے میں ڈالو تم راجی ہم راجی
سدا اب ایسے جمے گی ۔

لڑکی :۔ سن چھن مورا کنگنا باجے چھن چھن پائل بولے
اس پائل کی چھنن چھنن پر لاکھوں کا دل ڈولے
جہاں بھی جاؤں دل داؤں کا گھمگھٹ پیچھے ہولے
کچھ شرما کے کچھ گھبرا کے دل میرا یوں بولے
بھلا اب کیسے جمے گی ۔

نمبر ۵

تنگ آچکے ہیں کشمکش زندگی سے ہم
ٹھکرا نہ دیں جہاں کو کہیں بے دلی سے ہم
لو آج ہمنے توڑ دیا رشتۂ اُمید
لو اب کبھی گلا نہ کرینگے کسی سے ہم ۔ تنگ آچکے ...
گر زندگی میں مل گئے پھر اتفاق سے
پوچھیں گے اپنا حال تیری بے بسی سے ہم ۔ تنگ آچکے ...
او آسمان والے کبھی تو نگاہ کر
کبتک یہ ظلم سہتے رہیں خاموشی سے ہم ۔ تنگ آچکے ۔

نمبر ۶

لڑکے :۔ چھا چھا چھم چھما چھا اوے
لڑکیاں :۔ چھا چھا چھم چھما چھا اوے
لڑکا :۔ مست یوں مست گگن مست ہے ، سارا جہاں

رنگ انگ جھوم اُٹھے آج ایسا رنگ جما
چھا چھا چھم ——

کورس:۔ چھا چھا چھم چھا مہا او ے
لڑکا:۔ آج میری چوڑیوں کے ساز گنگنا اُٹھے
دُھول بھرے راستوں میں پھول مسکرا اُٹھے
دل میں جھلملانے لگی آس کی ننھی سی شمع
چھا چھا چھم ——

کورس:۔ چھا چھا چھم چھا مہا او ے
لڑکا:۔ سوئی سوئی زندگی میں اک ترنگ جاگ اُٹھی
کروٹیں بدل کے ہر اُمنگ جاگ اُٹھی
بگڑی ہوئی بات بنی جانا ہوا وقت تھا
چھا چھا چھم —

کورس:۔ چھا چھا چھم چھا مہا او ے
لڑکا:۔ آج ہم پہ آسمان مہربان ہو گیا
جس طرف نظر اُٹھی نیا جہان ہو گیا
پھول بنی دل کی کلی مہک اُٹھا سارا جہان
چھا چھا چھم ——
کورس:۔ چھا چھا چھم چھا مہا او ے

نغمے

گیا سمیا۔ گیا سمیا۔ گیا سمیا — گئے لو
کل کی باتیں کل پر چھوڑ دو ۔ آج رضا لے لو

رضا لے لو—

لڑکی: آ تجھے غم ہے کیا جہاں کا غم ہے

لڑکا:۔ دل والوں کے اس میلے میں موج منا لو یارو

کس کا غم کیسا جھگڑا سب کو گولی مارو

مفت ملیں جب دل کی خوشیاں پھر کا ہے کیوں جھیلو

رضا لے لو

لڑکی:۔ آنکھیں تو ملا نہ ایسے شرما

لڑکا:۔ جیسے ناطہ جوڑ دیو ہے جیون کا رس بندھا

جس جینے میں رنگ نہیں وہ جینا کیسا جینا

اس جیون کی بے رنگی میں کوئی رنگ انڈیلو

رضا لے لو

لڑکی:۔ آ لفظا رے ہیں جواں

آ تو گم ہے کہاں

لڑکا:۔ کھیلے کھیلے تم تھک نہ جائیں

پھولوں سے چہرے

ان پھولوں کو باندھ کے پیارو

سر پر باندھو سہرے

دنیا تم سے کھیل رہی ہے

تم دنیا سے کھیلو

رضا لے لو—

ختم شد

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً بش شرٹ۔ لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملے گا۔

قیمت صرف ۱-۱-۳ محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے مردانے تقریباً ۲۰۰ ڈیزائن نو ٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گراہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اسکا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف ۲ ۱۴ ۰ محصولڈاک معاف

بغیر اُستاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو لپند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی لپند کرتے ہیں۔ اس لیئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام طرز اور گانے جمع کیئے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱۸/۱ محصولڈاک معاف

زنن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

(الہ آباد پریس دہلی)